ISSN : 2348-2257

ماہ نامہ

تہذیب الاخلاق

فروری ۲۰۲۵ء



ادارۂ تہذیب الاخلاق و نشانت، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

₹20/-

اشاعت کا ۱۵۵واں سال * یو جی سی سے منظور شدہ، جرنل نمبر: ۴۱۶۵۵ * ISSN:2348-2257

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

فروری ۲۰۲۵ء
شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ

جلد ۴۴
شمارہ ۲

بانی
سر سید احمد خاں

مدیر
محمد سعود عالم قاسمی

فی شمارہ =/20 روپے زر سالانہ =/200 روپے زر سالانہ اے ایم یو طلبہ کے لیے =/100 روپے
بیرونی ممالک (ہوائی ڈاک) 30$ امریکی ڈالر بیرونی ممالک (عام ڈاک) 15$ امریکی ڈالر
لائف ممبر شپ (اندرون ملک) =/2000 روپے لائف ممبر شپ (بیرون ملک) 300$ امریکی ڈالر

Editor, Tahzibul Akhlaq, SBI, AMU Branch, Aligarh, A/C No.10612179386, (IFSC: SBIN0005555)

ترسیل زر کا پتہ
ایڈیٹر، تہذیب الاخلاق ونشانت، ڈی۔۷، شبلی روڈ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ۔۲۰۲۰۰۲۔یوپی (انڈیا)
فون: ۲۷۰۳۰۲۷ (۰۵۷۱) / ۲۷۰۰۹۲۰-۱۲۳۰

Owner: Aligarh Muslim University, **Printer, Publisher:** Registrar (A.M.U.), **Printed at:** Litho Offset Printers, Achaltal, G.T. Road, Aligarh, (U.P.), **Published at:** Office of the Tahzibul Akhlaq, D-7, Shibli Road, A.M.U., Aligarh. (U.P). **Editor:** Prof. M. Saud Alam Qasmi, **Phone:**0571-2700920, Ext. 1230, **Annual :** 200/- Rupees, **Per copy:** 20/- Rupees,
Website:-www.amu.ac.in/miscellaneous/tahzeeb-ul-akhlaq/magzines
E-mail:tahzibulakhlaq.aligarh@gmail.com / tahzibulakhlaqamu@yahoo.com

ڈاکٹر ضیاء الدین فلاحی*

اشاریہ سہ ماہی تحقیقات اسلامی

اردو زبان میں اشاریہ سازی کا فن عرب مصنّفین سے وراثت میں ملا ہے۔ فارابی (۸۷۰-۹۵۰ء) کے احصاء العلوم اور خوارزمی (۷۸۰-۸۵۰ء) کے مفاتیح العلوم کو اشاریہ سازی میں اولیت وفوقیت حاصل ہے۔ اردو رسائل کی باضابطہ اور کتابی صورت میں اشاریہ سازی کی اہمیت و افادیت کا ادراک سب سے پہلے اورینٹل کالج میگزین لاہور کے فاضل مدیر مولوی محمد شفیع کو ہوا، ان ہی کی تحریک پر اس کے ۱۹۲۵ء سے ۱۹۴۱ء تک کے تمام شماروں کا اشاریہ محمد ابراہیم اور ڈاکٹر سید محمد عبداللہ نے مرتب کیا جو مئی ۱۹۴۲ء کے شمارے میں شائع ہوا''۔ بعد میں 'مخزن' لاہور کے ایڈیٹر شیخ عبدالقادر نے بھی اس کا احساس کیا اور پھر انھوں نے مخزن کی اشاریہ سازی شروع کر دی۔ مخزن کی جلد چھ شماروں پر مشتمل ہوا کرتی تھی اور جلد کے اختتام پر اس کے شماروں کی مکمل فہرست مضامین کے اعتبار سے دے دی جاتی تھی۔ بعد میں دیگر رسائل نے بھی اس کی تقلید کی۔

ہندوستان اور پاکستان میں اشاریہ اور فہرست سازی کے ذریعہ صدیوں کے علوم ومعارف، مضامین ومقالات، تبصرے واداریے، رجال واماکن، کتب ورسائل کو موضوعاتی یا ماہ وسال کی ترتیب اور الف بائی انداز میں مرتب کیا جارہا ہے۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ محققین کو ہوتا ہے، ان کا وقت اور مال پہنچتا ہے۔ بیک نظر کسی موضوع پر یکجا مواد تک رسائی آسان ہوجاتی ہے۔ اور موضوعات اور مصنّفین کی معلومات کے ذریعہ ایک خاص زمانہ کا مبلغ علم ومعرفت کا اندازہ ہوجاتا ہے۔ برصغیر ہندوپاک کے معروف اردو ماہناموں، سہ ماہی اور ششماہی رسائل وجرائد کے اشاریے اہل علم نے تیار کردیئے ہیں۔ ان اشاریوں پر الگ سے کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ علوم اسلامی کا بڑے پیانے پر تعارف ہوسکے اور مدیران، مصنّفین ومحققین کو خراج تحسین پیش کیا جاسکے۔

سہ ماہی تحقیقات اسلامی، علی گڑھ اسلامیات پر برصغیر ہندوپاک کے اعلیٰ، مستند اور معیاری مجلّات میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس کی علمی، تحقیقی اور استنادی حیثیت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ ہندوپاک کی متعدد یونیورسٹیوں میں ایک درجن سے زائد ایم فل اور پی ایچ. ڈی کے مقالات اس رسالے پر لکھے جاچکے ہیں۔ دوسری بڑی وجہ مولانا سید جلال الدین عمری (۱۹۳۵-۲۰۲۱ء) جیسی علمی شخصیت کا پوری یکسوئی کے ساتھ اس کی ادارت کی ذمہ داری سنبھالنا ہے۔ مولانا نے جنوری ۱۹۸۲ء سے اپنی زندگی کے اختتام تک اس بات کا خصوصی اہتمام کیا کہ رسالہ وقت پر بلاانقطاع جاری رہے۔ بلاشبہ وہ اس میں کامیاب رہے۔ ان کا

*پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ-۲۰۲۰۰۲ (یوپی) انڈیا---موبائل: 9927206518